وفاقی وزارت مذہبی اُمور و بین المذاہب ہم آہنگی
سیرت النبی ﷺ، نعت رسول مقبول ﷺ اور مقالات سیرت
برائے سال 2022ء / 1444ھ کے لئے درج ذیل مقابلوں
کے انعقاد کا اعلان کرتی ہے:

# مقابلہ کُتبِ سیرت النبی ﷺ وکُتبِ نعت



## برائے سال 2022ء / 1444ھ

## (الف) مقابلہ کتب سیرت یا حوالہ جاتی کتب سیرت

قومی زبان اردو، پاکستان کی علاقائی اور غیر ملکی زبانوں میں تحریر کردہ کتب سیرت یا حوالہ جاتی کتب سیرت کے لئے انعامات:

۱۔ اردو زبان میں تحریر شدہ کتب سیرت / حوالہ جاتی کتب سیرت کے لئے تین انعامات

اوّل انعام: (Rs.150,000) دوم انعام: (Rs.100,000) سوم انعام: (Rs.75,000)

۲۔ پاکستان کی ہر علاقائی زبان میں لکھی ہوئی کتاب کے لئے ایک انعام (Rs.50,000)

۳۔ صرف قومی زبان (اردو) میں بچوں کے لئے تحریر کردہ کتب سیرت النبی ﷺ کے لئے تین انعامات

اوّل انعام: (Rs.100,000) دوم انعام: (Rs.75,000) سوم انعام: (Rs.50,000)

۴۔ غیر ملکی زبانوں (عربی اور انگلش) میں تحریر کردہ کتب سیرت / حوالہ جاتی کتب سیرت کے لئے تین انعامات

اوّل انعام: (Rs.125,000) دوم انعام: (Rs.75,000) سوم انعام: (Rs.60,000)

## (ب) مقابلہ کتب نعت

۱۔ قومی زبان اردو میں طبع زاد نعتیہ مطبوعہ کلام کتب پر تین انعامات

اوّل انعام: (Rs.100,000) دوم انعام: (Rs.70,000) سوم انعام: (Rs.50,000)

۲۔ پاکستان کی علاقائی زبانوں میں طبع زاد نعتیہ مطبوعہ کلام کتب پر ہر زبان کے لئے ایک انعام (Rs.50,000)

## (ج) مقابلہ کتب اسلامی موضوعات برائے خواتین (خصوصاً خواتین میں اسلامی فکر کی ترویج کے لئے)

سیرت النبی ﷺ، نعت رسول ﷺ اور عمومی اسلامی موضوعات پر صرف خواتین کی اردو / انگریزی زبان میں تحریر کردہ کتب کا مقابلہ، تین انعامات:

اوّل انعام: (Rs.150,000) دوم انعام: (Rs.100,000) سوم انعام: (Rs.75,000)

## (د) مقابلہ رسائل / مجلّات سیرت ونعت

سیرت النبی ﷺ اور نعت کے خصوصی شمارے شائع کرنے والے رسائل / مجلّات کے لئے تین انعامات:

اوّل انعام: (Rs.75,000) دوم انعام: (Rs.50,000) سوم انعام: (Rs.40,000)

## (ہ) مقابلہ مقالات سیرت

### موضوع: "معاشرے کی اخلاقیات، اصلاح اور تربیت ۔۔۔ سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں"

۱۔ مقالات سیرت پر مرد وخواتین کے لئے قومی سطح پر تین انعامات:

اوّل انعام: (Rs.75,000) دوم انعام: (Rs.50,000) سوم انعام: (Rs.45,000)

۲۔ چاروں صوبوں کیلئے الگ الگ تین انعامات جبکہ آزاد جموں وکشمیر / گلگت بلتستان / اسلام آباد کیلئے مشترکہ تین انعامات

اوّل انعام: (Rs.45,000) دوم انعام: (Rs.40,000) سوم انعام: (Rs.30,000)

## شرائط وضوابط:

1. مقابلہ میں حصہ لینے کے خواہشمند وزارت کی ویب سائٹ پر موجود کوائف نامہ (فارم) کے ذریعے اپلائی کریں۔ بغیر کوائف نامہ / نامکمل یا شرائط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں کتاب / مقالہ کو مقابلے میں شامل نہیں کیا جائے گا۔
2. ایسی کتب جو اس مقابلہ کی آخری تاریخ سے گزشتہ پانچ سال کے دوران لکھی / شائع کی گئی ہوں اور اس سے قبل وزارت ہذا کی طرف سے ماضی میں منعقد کئے گئے کسی مقابلہ میں موصول نہ ہوئی ہوں، اس مقابلہ میں حصہ لے سکتی ہیں۔ مصنف کتاب یا مقالہ نگار بقید حیات ہو۔
3. تمام کتب جامع ہونے کے ساتھ ساتھ تحقیق پر مبنی ادبی ذوق کی حامل اور اصل مآخذ سے مزین ہوں۔ نعتیہ کتب اسلامی تعلیمات کے عین مطابق ہوں۔
4. کتاب اصل / طبع زاد ہو جس میں پبلشر کا نام، مقام اور طباعت کی تاریخ درج ہونا لازمی ہے۔ نیز مجموعہ منتخب کلام، کسی دوسری زبان میں طبع شدہ کتب کا ترجمہ / چربہ یا تشریح وتفسیر پر مبنی کتب مقابلے کیلئے اہل نہیں ہیں۔
5. کتب / رسائل ومجلّات / مسودات اور مضامین جن میں درج قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ میں کسی قسم کی کوئی غلطی ہو یا ان میں (سرورق سمیت) غیر اخلاقی تصاویر ہوں یا وہ ایسے مواد پر مشتمل ہوں جو فرقہ واریت، تعصب، نفرت آمیز اور توہین مقدسات کا باعث ہو یا اسلامی تعلیمات کی روح سے عاری ہوں، مقابلے میں شامل نہیں کی جائیں گی۔
6. مقالات سیرت مصنف کی ذاتی کاوش کا نتیجہ ہوں، جس کی یقین دہانی کیلئے وزارت کی کمیٹی مقالہ نگار کا انٹرویو کر سکتی ہے۔ نیز تمام مقالات کا Similarity Index چیک کیا جائے گا۔ 20% سے زیادہ ہونے کی صورت میں مقابلے میں شمولیت کا فیصلہ بالترتیب ججز کمیٹی اور ایپکس کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں کیا جائے گا جو کہ حتمی ہوگا۔
7. مقالہ 20 تا 30 صفحات کمپوز شدہ (A4 سائز) ہونا چاہئے۔ تحریر صفحہ کی ایک جانب ہو، نیز الفاظ اور ہیڈنگ کا سائز (فونٹ) 18,16 بالترتیب ہونا چاہیے۔ ان پیج کیلئے لائن سپیس آٹو جبکہ ایم ایس آفس کیلئے 1.5 ہونی چاہیے۔ مقالہ کے ہمراہ کوائف نامہ (فارم) اور پہلے صفحے پر مقالہ کا موضوع، مقالہ نگار کا نام و پتہ، رابطہ نمبر درج ہونا لازمی ہے۔
8. وزارت ہذا حالات حاضرہ کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورہ جملہ انعامات میں کمی بیشی کر سکتی ہے۔ انعامات کے ضمن میں منصفین (ایپکس کمیٹی) کا فیصلہ قطعی ہوگا اور ان کے فیصلے پر نہ تو کوئی اعتراض ہو سکے گا اور نہ ہی اسے چیلنج کیا جا سکے گا۔
9. مقالہ نگاران کو صوبے / علاقے کے تعین کے لئے اپنے ڈومیسائل اور اصل شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی فراہم کرنا ہوگی۔ تاہم مقابلہ کتب کیلئے ڈومیسائل کی شرط نہیں ہے۔
10. سال 2021ء کے انعام یافتگان مقابلہ مقالات سیرت سال 2022ء میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔
11. وزارت ہذا، اس سے ملحق / ماتحت اداروں کے ملازمین کو ان مقابلوں میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔
12. مقالہ نگار کیلئے کم از کم تعلیمی قابلیت گریجویشن یا اس کے مساوی ہے۔ تعلیمی سند کی تصدیق شدہ کاپی لف کرنا لازمی ہے۔

نوٹ: مقابلہ جات میں شرکت کے جملہ خواہش مند (مرد وخواتین) سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنی کتب / رسائل و مجلّات کے نسخہ جات دس (10) عدد اور مقالات سیرت کے نسخہ جات پانچ (5) عدد، شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی، دیگر مطلوبہ کاغذات بمعہ کوائف نامہ (فارم) زیر دستخطی کو 09 مئی، 2022ء تک ارسال فرمائیں، نیز مقالہ جات کی سافٹ کاپی ddseerat@mora.gov.pk پر ای میل کرنا بھی ضروری ہے۔ کوائف نامہ وزارت کی ویب سائٹ www.mora.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

حافظ غلام مصطفےٰ جاوید، ڈپٹی ڈائریکٹر (سیرت)، رابطہ نمبر: 051-9211351
کمرہ نمبر 10-A، فرسٹ فلور، کوہسار بلاک، نیو سیکرٹریٹ، شاہراہ دستور، اسلام آباد
وزارتِ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، حکومتِ پاکستان
www.mora.gov.pk

## "لازمی کوائف نامہ" برائے شرکت قومی مقابلہ کتب سیرت النبی ﷺ و مقالاتِ سیرت 2022ء/1444ھ

| | |
|---|---|
| 1. نام | |
| 2. والد کا نام | |
| 3. شناختی کارڈ نمبر | |
| 4. موبائل نمبر | |
| 5. ای میل | |
| 6. مقابلہ کی کیٹیگری | |
| 7. تعلیم (صرف مقالہ نگار کے لیے) | |
| 8. ڈومیسائل (صرف مقالہ نگار کیلئے) | |
| 9. مکمل پتہ | |
| | |

درج ذیل کاغذات لف ہیں:

| | | جی ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
| i. | شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی | | |
| ii. | تعلیمی سند کی تصدیق شدہ کاپی (صرف مقالہ نگار کے لیے) | | |
| iii. | ڈومیسائل (صرف مقالہ نگار کے لیے) | | |
| iv. | مقالہ کی سافٹ کاپی میل کرنے کی تاریخ اور ثبوت (سکرین شاٹ) | | |
| v. | کتب کی دس کاپیاں | | |
| vi. | مقالہ کی پانچ کاپیاں | | |

دستخط ____________________

**ڈپٹی ڈائریکٹر (سیرت)،**

**کمرہ نمبر 10-اے، وزارتِ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی،**

**پہلی منزل، کوہسار بلاک، پاک سیکرٹریٹ، اسلام آباد**

**فون: 0519211351**